**Roll No.** | | | | | | | | |

(Write Roll Number from left side exactly as in the Admin Card)

*Signature of Invigilator*

**Question Booklet Series** **X**

**PAPER–II** **Question Booklet No.**

**Subject Code : 05**

# URDU

*Time : 2 Hours* *Maximum Marks: 200*

***Instructions for the Candidates***

1. Write your Roll Number in the space provided on the top of this page as well as on the OMR Sheet provided.
2. At the commencement of the examination, the Question Booklet will be given to you. In the first 5 (five) minutes, you are requested to open the booklet and verify it:
   (i) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of this cover page.
   (ii) Faulty booklet, if detected, should be got replaced immediately by a correct booklet from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given.
   (iii) Verify whether the Question Booklet Number is identical with OMR Sheet Number; if not, the full set is to be replaced.
   (iv) After this verification is over, the Question Booklet Series and Question Booklet Number should be entered on the OMR Sheet.
3. This paper consists of One Hundred (100) multiple-choice type questions. All the questions are compulsory. Each question carries *two* marks.
4. Each Question has four alternative responses marked: (A) (B) (C) (D) . You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each question.
   *Example:* (A) (B) ● (D) , where (C) is the correct response.
5. Your responses to the questions are to be indicated correctly in the OMR Sheet. If you mark your response at any place other than in the circle in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Rough work is to be done at the end of this booklet.
7. If you write your Name, Phone Number or put any mark on any part of the OMR Sheet, except in the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity or use abusive language or employ any other unfair means, such as change of response by scratching or using white fluid, you will render yourself liable to disqualification.
8. Do not tamper or fold the OMR Sheet in any way. If you do so, your OMR Sheet will not be evaluated.
9. You have to return the Original OMR Sheet to the invigilator at the end of the examination compulsorily and must not carry it with you outside the Examination Hall. You are, however, allowed to carry question booklet and duplicate copy of OMR Sheet after completion of examination.
10. **Use only Black Ball point pen.**
11. **Use of any calculator, mobile phone, electronic devices/gadgets etc. is strictly prohibited.**
12. **There is no negative marks for incorrect answer.**

اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اس سوال کتابچہ کے اوپر دی گئی جگہ پر اور مہیّا کیے گئے OMR شیٹ پر اپنا رول نمبر لکھیے۔
2. امتحان شروع ہوتے ہی، آپ کو سوال کتابچہ دے دیا جائے گا۔
   آپ کو ہدایت دی جاتی ہے کہ ابتدائی پانچ منٹ کے اندر سوال کتابچہ کو کھول کر تصدیق کر لیجئے۔
   (i) سوال کتابچہ تک رسائی کے لیے، اس کے سرِ روق کے کنارے پر لگے ہوئے مہر (یعنی سیل) کو کھول لیجئے۔
   (ii) اگر سوال کتابچہ غلط ہو تو فوراً اس کے بدلے میں نگراں سے صحیح کتابچہ، پانچ (5) منٹ کے اندر حاصل کر لیجئے۔ بعد میں نہ سوال کتابچہ تبدیل کیا جائے گا اور نہ ہی مزید وقت دیا جائے گا۔
   (iii) تصدیق کر لیجئے کہ OMR جواب نامہ کے نمبر اور سوال کتابچہ کے نمبر میں مطابقت ہے۔ اگر نہیں تو کتابچہ تبدیل کرنا پڑے گا۔
   (iv) تصدیق ہو جانے کے بعد ہی سوال کتابچہ سیریز اور سوال کتابچہ نمبر، OMR شیٹ پر درج کرنا چاہئے۔
3. اس پرچہ میں سَو (100) کثیر الانتخاب سوالات ہیں۔ سارے سوالات ضروری ہیں۔ ہر سوال دو (2) نمبر کا ہے۔
4. ہر سوال کے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ جیسے: (A) (B) (C) (D). ان میں سے کسی ایک گول دائرہ کو مکمل طور پر بھر کے سیاہ کر دینا ہے۔ جیسا کہ نیچے دیئے گئے مثال میں بتایا گیا ہے۔
   مثال: (A) (B) ● (D)، یعنی (C) صحیح جواب ہے۔
5. سوالات کے حوالے سے آپ کے جوابات کی صحیح نشاندہی OMR شیٹ میں ہونی چاہئے۔ اگر آپ اپنے جواب کی نشاندہی، OMR شیٹ میں دیئے گئے دائرے کے علاوہ کہیں اور کر دیتے ہیں تو اس کا جائزہ نہیں لیا جائے گا۔
6. کُھردار کام اس کتابچہ کے آخری میں کیا جائے گا۔
7. اگر آپ نے اپنا نام، فون نمبر یا کوئی نشان، OMR شیٹ پر لگایا، متعلقہ اندراج کے علاوہ، جو آپ کی شناخت کا انکشاف کرے یا آپ نے غلط زبانی کی یا کوئی غیر منصفانہ کام کیا، جیسے کُھرچ کر جواب بدلنا یا سفیدی لگانا، تو اپنی نااہلی کے ذمہ دار آپ خود ہونگے۔
8. OMR شیٹ کے ساتھ نہ کسی طرح کی چھیڑ چھاڑ کی جاسکتی ہے اور نہ ہی اسے موڑا جاسکتا ہے۔ اگر آپ نے ایسا کیا تو آپ کے OMR شیٹ کا جائزہ نہیں لیا جائے گا۔
9. امتحان ختم ہوتے ہی اصل OMR شیٹ، نگراں کے حوالے کرنا ضروری ہے۔ آپ اسے اپنے ساتھ امتحان ہال کے باہر نہیں لے جاسکتے ہیں۔ البتہ سوال کتابچہ اور OMR شیٹ کا چربہ ساتھ لے جانے کی اجازت ہے۔
10. **صرف سیاہ (کالا) بال پوائینٹ قلم کا استعمال کرنا ہے۔**
11. **کسی بھی کلکولیٹر، موبائیل فون، برقی (الیکٹرونک) آلات وغیرہ کا استعمال سختی سے منع ہے۔**
12. **غلط جواب پر منفی نمبر نہیں ہے۔ (یعنی نمبر نہیں کٹے گا)۔**

**The Question Booklet is encrypted with QR code for security purpose.**

**1.** ذیل میں سے کس نے دریائے والگا کے دہانے کو آریوں کا اصل وطن قرار دیا ہے؟

(A) پروفیسر شریدر

(B) سنیتی کمار چٹرجی

(C) پروفیسر گائلس

(D) مسعود حسین خان

**2.** مشرقی ہندوستان میں دوسری پراکرت کا عہد کب سے شروع ہوتا ہے؟

(A) 500 ق م

(B) 400 ق م

(C) 600 ق م

(D) 700 ق م

**3.** کالی داس کی ''وکرموشی'' میں کس زبان کے اشعار ملتے ہیں؟

(A) پراکرت

(B) ماگدھی

(C) پشاچی

(D) اپ بھرنش

**4.** ذیل میں سے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) کھڑی بولی کی دو شکلیں۔ گریرسن، ژول بلوک

(B) ہندوستانی لسانیات، پنجاب میں اردو۔ مسعود حسین خان، ڈاکٹر زور

(C) آبِ حیات، نقوشِ سلیمانی– 1881ء، 1940ء

(D) اردو پنجاب میں، اردو سندھ میں– علاؤالدین خلجی، امیر سبکتگین

**5.** ''نواحِ دہلی کی بولیاں اردو کا اصل منبع اور سرچشمہ ہیں اور حضرتِ دہلی اس کا صحیح مولد ومنشا''۔ یہ بیان کس کا ہے؟

(A) گریرسن

(B) ژول بلوک

(C) میر امّن

(D) مسعود حسین خان

**6.** ذیل میں سے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| (1) | سید سلیمان ندوی | I | مقدمۂ تاریخ زبانِ اردو |
| (2) | مسعود حسین خان | II | نقوشِ سلیمانی |
| (3) | ہیم چندر | III | ہندوستانی لسانیات |
| (4) | محی الدین قادری زور | IV | ہیم چندر شبدانوشاسن |

(A) III (4)، IV (3)، I (2)، II (1)

(B) IV (4)، III (3)، II (2)، I (1)

(C) II (4)، I (3)، IV (2)، III (1)

(D) I (4)، II (3)، III (2)، IV (1)

7. آوازوں کا مشدّد دھونا کس کی اہم صوتی خصوصیت ہے؟

(A) برج بھاشا

(B) کھڑی بولی

(C) دکنی

(D) میواتی

8. معنیات کا مادّہ کیا ہے؟

(A) معنیٰ

(B) معنے

(C) معنوی

(D) معن

9. ذیل میں سے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| (1) حلقی | I — گ | |
| (2) غشائی | II — ح | |
| (3) حنکی | III — ب | |
| (4) دولبی | IV — چ | |

(A) (1) II ،(2) I ،(3) IV ،(4) III

(B) (1) I ،(2) II ،(3) III ،(4) IV

(C) (1) III ،(2) IV ،(3) II ،(4) I

(D) (1) IV ،(2) III ،(3) I ،(4) II

10. ذیل میں سے کون نحویات سے متعلق نہیں ہے؟

(A) ترکیب

(B) تناقُض

(C) جزو

(D) جزو متصل

11. ہے چرخ جب سے ابلقِ ایّام پر سوار

رکھتا نہیں ہے دستِ عناں کا بہ یک قرار

یہ شعر کس صنف کا ہے اور شاعر کون ہیں؟ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) مرثیہ — جمیل مظہری

(B) مرثیہ — دبیر

(C) قصیدہ — سودا

(D) مثنوی — میر حسن

12. ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں۔ ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل ہے۔ دونوں بیانات کو غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ: سوسائٹی کے دباؤ اور کم عیار حریفوں کے مقابلے نے، میر انیس کو ہر جگہ جادۂ استقامت پر قائم رہنے نہ دیا۔

دلیل: کیونکہ میر انیس کو رزم اور بزم میں تفریق کرنے کی صلاحیت نہیں تھی۔

(A) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے

(B) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(C) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

(D) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے

**13.** صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

(A) فیض آباد میں مرثیہ، غزل کی ہئیت میں بھی لکھا جاتا تھا۔

(B) لکھنؤ میں مرثیہ، غزل کی ہئیت میں بھی لکھا جاتا تھا۔

(C) دکن میں مرثیہ، غزل کی ہئیت میں بھی لکھا جاتا تھا۔

(D) دلّی میں مرثیہ، غزل کی ہئیت میں بھی لکھا جاتا تھا۔

**14.** عمر گزری ہے اسی دشت کی سیاحی میں
پانچویں پشت ہے شبیر کی مدّاحی میں

اس شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے اور شاعر کون ہیں؟ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) صنعتِ تعلّی — میر ببر علی انیس

(B) صنعتِ تشبیہہ — مرزا سلامت علی دبیر

(C) صنعتِ استعارہ — میر ببر علی انیس

(D) صنعتِ کنایہ — مرزا سلامت علی دبیر

**15.** مرزا سلامت علی دبیر کی سنہ ولادت کیا ہے؟

(A) 1803ء

(B) 1797ء

(C) 1800ء

(D) 1808ء

**16.** ذیل میں سے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) محسن کاکوروی: تضحیک روزگار؛
ہیں مری آنکھ میں اشکوں کے تماشا گوہر

(B) غالب: زہے نشاط اگر کیجیے اسے تحریر؛
ہیں مری آنکھ میں اشکوں کے تماشا گوہر

(C) سودا: تضحیک روزگار؛ ہوا جب کفر ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی

(D) ذوق: ہوا جب کفر ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی؛
ہیں مری آنکھ میں اشکوں کے تماشا گوہر

**17.** کہ جس کے اندروں آتش پڑے ری
ارے دن رین سلگت وہ مرے ری
وہی جانے کہ جس کے تن لگی ہے
برہ کی آگ تن من موں دگی ہے

یہ بند کس مثنوی کا ہے؟

(A) کدم راؤ پدم راؤ

(B) قطب مشتری

(C) پھول بن

(D) بکٹ کہانی

**18.** مندرجہ ذیل شعر کی صحیح تقطیع کی نشاندہی کیجیے۔

وہ لالے کا عالم ہزارے کا رنگ
وہ آنکھوں کے ڈورے ، نشے کی ترنگ

(A) فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

(B) فعولن فعولن فعولن فعل

(C) فاعلاتن فعِلاتن فعلن

(D) مفاعیلن مفاعیلن مفاعیل

**19.** قصیدہ تضحیکِ روزگار کس نام سے مشہور ہے؟

(A) زہے نشاط

(B) شہر آشوب

(C) تمغائے مسلمانی

(D) در ہجو اسپ

**20.** گلزار نسیم کے کرداروں کے اعتبار سے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) بدر منیر، مہر النساء، زین الملوک، حمالہ

(B) محمودہ، مہر النساء، بدر منیر، حمالہ

(C) حسن آرا، دلبر، جمیلہ، مہر النساء

(D) جمیلہ، محمودہ، دلبر، حسن آرا

**21.** حسرتؔ موہانی کا پورا نام کیا تھا؟

(A) سیّد ظلّ الحسن

(B) سیّد فخر الحسن

(C) سیّد فضل الحسن

(D) سیّد نور الحسن

**22.** ذیل میں سے کس کے یہاں عشق کے بجائے جنس کی طرف زیادہ میلان ملتا ہے؟

(A) اصغر گونڈوی

(B) فانی بدایونی

(C) شہریار

(D) عرفان صدیقی

**23.** ذیل کے شعر کا خالق کون ہے؟

وہ بد گماں کہ مجھے تابِ رنجِ زیست نہیں
مجھے یہ غم کہ غمِ جاوداں نہیں ملتا

(A) یگانہ چنگیزی

(B) فانی بدایونی

(C) جگر مرادآبادی

(D) حسرت موہانی

**24.** مجروح سلطان پوری پر کس شاعر کا گہرا اثر ہے؟

(A) فراق گورکھپوری

(B) حسرت موہانی

(C) فیض احمد فیض

(D) عرفان صدیقی

**25.** غزل میں کن اجزا کا ہونا لازمی ہے؟

(A) بحر اور قافیہ

(B) بحر اور ردیف

(C) قافیہ اور ردیف

(D) مقطع اور تخلص

**26.** ذیل میں سے کون سا بیان صحیح ہے؟

(A) غزل کی روایت ایرانی اور ہندوستانی ثقافت کا امتزاج ہے

(B) غزل فکر جدید کے ہیجانات کی نمائندگی سے قاصر ہے

(C) غزل کی ریزہ خیالی اُس کی آفاقیت کی راہ میں حائل ہے

(D) دورِ حاضر میں غزل کا احیا ناممکن ہے

**27.** ذیل میں سے کون میرؔ کا ہمعصر نہیں ہے؟

(A) ذوق

(B) قائم چاند پوری

(C) میر حسن

(D) خواجہ میر درد

**28.** ذیل کے شعر کا خالق کون ہے؟

رہگزر سیل حوادث کا ہے، بے بنیاد دہر
اس خرابے میں نہ کرنا فکر تم تعمیر کا

(A) مرزا غالب

(B) میر تقی میر

(C) ولی دکنی

(D) مومن خاں مومن

**29.** غالبؔ کی شعر گوئی کا آغاز کب ہوا؟

(A) 1828ء

(B) 1816ء

(C) 1807ء

(D) 1805ء

**30.** ذیل میں سے کون فراقؔ کا معاصر نہیں ہے؟

(A) شاد عظیم آبادی

(B) مومن خاں مومن

(C) اصغر گونڈوی

(D) فانی بدایونی

**31.** ذیل کی نظموں میں سے کون سی نظم ''مخمس'' کی ہئیت میں لکھی گئی ہے؟

(A) برکھا رت

(B) نشاطِ امید

(C) بنجارہ نامہ

(D) آدمی نامہ

**32.** ''حسن کوزہ گر'' کتنے حصوں میں منقسم ہے؟

(A) دو

(B) تین

(C) چار

(D) پانچ

**33.** اقبالؔ کی نظم ''شعاعِ امید'' کتنے حصوں میں منقسم ہے؟

(A) تین

(B) چھ

(C) بارہ

(D) چوبیس

**34.** سیم وزر، نان ونمک، آب ونخدا کچھ بھی نہیں
گھر میں اک خاموش ماتم کے سوا کچھ بھی نہیں

یہ کس شاعر کا پہلا شعر ہے؟

(A) جوش ملیح آبادی
(B) اختر الایمان
(C) فیض احمد فیض
(D) ساحر لدھیانوی

**35.** اقبالؔ کی وہ کون سی نظم ہے جو مثنوی ''سحر البیان'' کے طرز پر اور اسی بحر میں لکھی گئی ہے؟

(A) شعاعِ امید
(B) لالۂ صحرا
(C) ساقی نامہ
(D) لینن خدا کے حضور میں

**36.** صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

(A) مفلسی : فرعون نے کیا تھا جو دعویٰ خدائی کا
شداد بھی بہشت بنا کر ہوا خدا

(B) آدمی نامہ : پوچھے کوئی الف تو اسے بے بتاتے ہیں
وہ جو غریب غربا کے لڑکے پڑھاتے ہیں

(C) بنجارہ نامہ: یہ بدھیا لادے بیل بھرے جو پورب پچھّم جاوے گا
یا سود بڑھا کر لاوے گا یا ٹوٹا گھاٹا پاوے گا

(D) شب قدر: ذرہ ذرہ سے ترے اگتے ہیں اشجار مراد
خاک میں تیری نظر آتے ہیں گلزار مراد

**37.** اردو کے کس شاعر نے اپنے بارے میں یوں کہا تھا:
''شاہد معنی نے اُوڑھا ہے ظرافت کا لحاف''

(A) محمد حسین آزاد
(B) اقبال
(C) اسماعیل میرٹھی
(D) اکبر الہ آبادی

**38.** کس شعر کا دوسرا مصرع صحیح نہیں ہے؟

(A) جو چیز خدا نے ہے بنائی
اس میں ظاہر ہے خوش نمائی

(B) کیا خوب ہے رنگ ڈھنگ سب کا
چھوٹی بڑی ہیں جس قدر اشیا

(C) روشن چیزیں بنائی اس نے
اچھی شکلیں دکھائیں اس نے

(D) جاڑے کی جو رُت پلٹ گئی ہے
رخ اپنا بدل گئی ہے

**39.** نظیرؔ کی نظم ''مفلسی'' کس ہئیت میں لکھی گئی ہے؟

(A) مثلث
(B) مربع
(C) مخمس
(D) مسدس

**40.** آزاد نظم سے متعلق صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

(A) ردیف اور قافیہ کی پابندی نہیں ہوتی

(B) بحر اور وزن کی پابندی نہیں ہوتی

(C) ردیف کی پابندی ہوتی ہے قافیہ کی نہیں

(D) صرف وزن کی پابندی کی جاتی ہے

**41.** بھرت منی نے رَس کی کتنی قسمیں بتائی ہیں؟

(A) آٹھ

(B) چھ

(C) پانچ

(D) نو

**42.** ''اری کمبختو کان چور لے گئے کیا۔

اری مُردارو، اللہ ماریو، کانوں میں کیا روئی ٹھونس کر بیٹھی ہو، چیخ چیخ کر گلا آ گیا۔ جو کوئی بھی منہ سے ہنگارا بھرے، سائے کہیں کے کہیں پہنچ گئے۔ عصر کی اذان ہوگئی نہ حمام تیار کئے نہ گلاب پاش بھرے نہ پھول چنگیروں میں رکھے۔''

انار کلی میں یہ مکالمہ کون ادا کرتا ہے؟

(A) دلآرام

(B) مروارید

(C) کافور

(D) زعفران

**43.** فسانۂ عجائب میں جانِ عالم کے والد کا کیا نام ہے؟

(A) خورشید تاج بخش

(B) فیروز بخت

(C) حکیم قسطاس

(D) آزاد بخت

**44.** کس داستان کا شہزادہ وزیر زادے کی باتوں میں آ کر مردہ بندر میں اپنی روح منتقل کر لیتا ہے؟

(A) باغ و بہار

(B) فسانۂ عجائب

(C) بوستانِ خیال

(D) سب رس

**45.** بوستانِ خیال کا اصلی ہیرو کون ہے؟

(A) شہزادہ بدر منیر

(B) شہزادہ تاج بخش

(C) شہزادہ معزالدین

(D) جمشید خود پرست

**.46** : تم کو اعتراض نہیں تو اجازت ہے۔

: لیکن حرم سرا کے جشن میں تھوڑے سے دن رہ گئے ہیں۔

: اور انارکلی بنا جشن سونا رہ جائے گا۔

: پھر مت جانے دو۔

: دباؤ ڈالنا اچھا نہیں معلوم ہوتا۔

: زبردستی کیوں ظاہر ہو۔ جشن تک اس کو علاج کے بہانے سے ٹھہرا لیا جائے۔

انارکلی میں یہ مکالمے کن افراد نے ادا کئے ہیں؟

(A) سلیم اور بختیار

(B) انارکلی کی ماں اور ثریا

(C) اکبر اور رانی

(D) خواجہ سرا اور عنبر

**.47** ریختی کے سلسلے میں کون سا بیان غلط ہے؟

(A) ریختی ایک ایسا اسلوب شعر ہے جو صرف اردو شاعری سے مختص ہے

(B) یہ شعری اصطلاح ریختہ کی تانیث ہے

(C) عورتوں کے مخصوص روزمروں اور محاوروں کا ذکر اس میں نہیں ہوتا

(D) اس میں مستورات کی رسوم، توہمات اور رشتوں کا بیان ہوتا ہے

**.48** آغا حشر کہاں پیدا ہوئے؟

(A) کشمیر

(B) لاہور

(C) امرتسر

(D) بنارس

**.49** ’’گاتی کا دوپٹہ چمک میں برق ہے۔ کلاہ زریں بالائے فرق ہے۔‘‘

اس عبارت میں بالائے فرق کے کیا معنی ہیں؟

(A) ہتھیلی پر

(B) سر پر

(C) آسمان پر

(D) چھت پر

**.50** بوستانِ خیال کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟

(A) آٹھ جلدوں پر

(B) دس جلدوں پر

(C) بارہ جلدوں پر

(D) پندرہ جلدوں پر

**.51** ’’تو ایسا ہی بے نیاز جو چاہا سو کیا اور جو چاہتا ہے سو کرتا ہے اور جو چاہے گا سو کرے گا۔ جب تک نتھنوں میں دم ہے، تجھ سے ناامید نہیں ہوتی۔‘‘

یہ اقتباس کس درویش کی سیر سے لیا گیا ہے؟

(A) چوتھے درویش کی سیر سے

(B) پہلے درویش کی سیر سے

(C) تیسرے درویش کی سیر سے

(D) دوسرے درویش کی سیر سے

**52.** ذیل میں سے کس نے ترجمے کو معلوماتی، تہذیبی، جمالیاتی قسموں میں تقسیم کیا ہے؟

(A) ظ انصاری

(B) خلیق انجم

(C) عنوان چشتی

(D) محمد حسن

**53.** ''گر ترجمے سے فائدہ اخفائے حال ہے۔'' یہ کس کا مضمون ہے؟

(A) محمد حسن

(B) محمد حسن عسکری

(C) شمس الرحمٰن فاروقی

(D) جیلانی کامران

**54.** :عوام آپ کے قصیدے گا رہے ہیں۔ ملک میں شہد اور دودھ کی نہریں بہہ رہی ہیں۔ قیمتیں گر رہی ہیں۔ آبادی کم ہو رہی ہے۔ لوگوں کی رگوں میں جاں نثاری کا وہ جذبہ ہے کہ ہر ریاست سے لوگ اپنی جان حکومت پر نثار کرنے کے لئے اپنے بھیجے نذر کے لئے لا رہے ہیں۔ مجھے یقین ہے ایسا منظر انسانی تاریخ نے کبھی اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھا۔''

ضحاک میں یہ مکالمے کون ادا کرتا ہے؟

(A) وزیر اعظم

(B) شاعر

(C) راہب

(D) نوشابہ

**55.** راہب کس ڈرامے کا کردار ہے؟

(A) یہودی کی لڑکی

(B) آگرہ بازار

(C) انارکلی

(D) ضحاک

**56.** ''الاؤ'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

(A) غیاث احمد گدّی

(B) اقبال مجید

(C) سریندر پرکاش

(D) سہیل عظیم آبادی

**57.** ان میں سے کون سا افسانہ نگار ہے جس نے داستانوں اور تلمیحوں کو اپنے افسانوں میں ملحوظ رکھا ہے؟

(A) سریندر پرکاش

(B) الیاس احمد گدی

(C) انور سجّاد

(D) انتظار حسین

**58.** پریم چند کو چلتا پھرتا گاؤں کس نے کہا ہے؟

(A) قمر رئیس

(B) جعفر رضا

(C) رشید احمد صدیقی

(D) آل احمد سرور

**.59** ان میں سے علامتی افسانہ نگار کون ہے؟

(A) پریم چند

(B) کرشن چندر

(C) بیدی

(D) سریندر پرکاش

**.60** ''ہمایوں'' کس کا پہلا افسانہ ہے؟

(A) عصمت چغتائی

(B) جیلانی بانو

(C) قرۃالعین حیدر

(D) اقبال مجید

**.61** بیدی نے ابتدا میں کس نام سے لکھنا شروع کیا تھا؟

(A) احسن لاہوری

(B) محسن لاہوری

(C) اختر لاہوری

(D) تحسین لاہوری

**.62** ''اپنے دُکھ مجھے دے دو'' کا سنہ اشاعت کیا ہے؟

(A) 1970ء

(B) 1963ء

(C) 1965ء

(D) 1972ء

**.63** ان میں سے کون سا جوڑ صحیح ہے؟

(A) توبۃالنصوح — کلیم

(B) ایک چادر میلی سی — فہمیدہ

(C) خدا کی بستی — زمّرد

(D) آگ کا دریا — رانو

**.64** ''جب دنیا ابھی نئی نئی تھی جب آسمان تازہ تھا اور زمین ابھی میلی نہیں ہوئی تھی جب درخت صدیوں میں سانس لیتے تھے اور پرندوں کی آوازوں میں جگ بولتے تھے۔''

مندرجہ بالا اقتباس سے کس ناول کا آغاز ہوتا ہے؟

(A) آگ کا دریا

(B) اداس نسلیں

(C) خدا کی بستی

(D) بستی

**.65** بلغان خاتون کس ناول کا کردار ہے؟

(A) توبۃالنصّوح

(B) فسانۂ آزاد

(C) فردوسِ بریں

(D) امراؤ جان ادا

**66.** ذیل میں سے کس نے تاثراتی تنقید کو ''جدید تنقید'' اور ''تخلیقی تنقید'' کہا ہے؟

(A) والٹر پیٹر

(B) اسپنگارن

(C) آسکر وائلڈ

(D) شبلی

**67.** ذیل میں سے کس نے ''معروضی تلازمہ'' کا تصور پیش کیا؟

(A) ٹی ایس ایلیٹ

(B) آئی اے رچرڈس

(C) لان جائنس

(D) میتھو آرنلڈ

**68.** ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں۔ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل ہے۔دونوں بیانات کو غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ: بھرت منی دنیا کا عظیم ادبی نظریہ ساز گزرا ہے۔

دلیل: کیوں کہ اس نے ناٹیہ شاستر جیسی معرکتہ الآرا ادبی نظری کتاب تخلیق کی۔

(A) دعویٰ صحیح ہے لیکن دلیل غلط ہے

(B) دعویٰ غلط ہے لیکن دلیل صحیح ہے

(C) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

(D) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے۔

**69.** ذیل میں سے کون اسلوبیاتی مطالعے کا جزو نہیں ہے؟

(A) صوتیات

(B) صرفیات

(C) معنیات

(D) تاریخی لسانیات

**70.** ''تحقیق کسی امر کو اس کی اصلی شکل میں دیکھنے کی کوشش ہے'' یہ بیان کس کا ہے؟

(A) قاضی عبدالودود

(B) رشید حسن خان

(C) گیان چند جین

(D) عبدالرزاق قریشی

**71.** ذیل میں سے کس اصطلاح کی وضاحت صحیح نہیں ہے؟

(A) اتّفاقیے۔ کسی نسخے میں ہجّے، رموزِ اوقاف اور لفظوں کی تقسیم

(B) تبییض۔مسوّدے کو صاف کر کے نقل کرنا

(C) تعلیقہ۔اوقاف لگانے کا عمل

(D) ترجمہ – تذکرے میں کسی شاعر کے حالات

**72.** ''وہ گپ بھی ہانک دے تو وحی معلوم ہوتی ہے''، شبلی نے یہ بیان کس کے بارے میں دیا ہے؟

(A) حالی

(B) محمد حسین آزاد

(C) کلیم الدین احمد

(D) گوپی چند نارنگ

**.73** ''یہ تنقید محض سطحی ہے۔اس کا تعلق زبان، محاورہ اور عروض سے ہے لیکن یہ شاید کہنے کی ضرورت نہیں کہ تنقید کی ماہیئت اور اس کے مقاصد اور اس کے صحیح اسلوب سے بھی تذکرہ نویس واقفیت نہ رکھتے تھے''۔

تذکروں سے متعلق یہ کس کا بیان ہے؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) کلیم الدین احمد

(C) امداد امام اثر

(D) شبلی

**.74** ''دنیا میں جو بہترین باتیں معلوم ہیں یا سوچی گئی ہیں انھیں غیر جانبدارانہ طور پر جاننے اور عام کرنے کی خواہش کا نام ہی تنقید ہے۔''

تنقید کی یہ تعریف کس کی ہے؟

(A) ٹی ایس ایلیٹ

(B) میتھو آرنلڈ

(C) آئی اے رچرڈس

(D) لان جائنس

**.75** ذیل میں سے صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(1) امیر عنصر المعالی کیکاؤس　I　چہار مقالہ

بن اسکندر

(2) نظامی عروضی　II　قابوس نامہ

(3) رشید الدین وطواط　III　المعجم فی معاییر اشعار العجم

(4) شمس قیس رازی　IV　حدایق السحر فی دقایق الشعر

(A) III (4)،IV (3)،I (2)، II (1)

(B) IV (4)،III (3)،II (2)، I (1)

(C) II (4)،I (3)،IV (2)، III (1)

(D) I (4)،II (3)،III (2)، IV (1)

**.76** ''داستان بے ستون وکوہ کن'' کس کتاب کا حصّہ ہے؟

(A) غبارِ خاطر

(B) جنون لطیفہ

(C) حیات جاوید

(D) مضامین سرسید

**.77** ''مرزا اکثر کہتے ہیں کہ خو کام کرنا بہت آسان ہے مگر دوسروں سے کام لینا بہت دشوار۔ بالکل اسی طرح جیسے خود مرنے کے لئے کسی خاص قابلیت کی ضرورت نہیں پڑتی۔لیکن دوسروں کو مرنے پر آمادہ کرنا بڑا مشکل کام ہے۔''

یہ اقتباس کس انشائیہ سے لیا گیا ہے؟

(A) لاہور کا جغرافیہ

(B) جنون لطیفہ

(C) چارپائی

(D) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ

**78.** ذیل میں کتابوں کے نام اور ان کے سنین اشاعت دیے گئے ہیں۔ صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| (1) | حیات جاوید | I | 1898ء |
| (2) | الفاروق | II | 1995ء |
| (3) | اس آباد خرابے میں | III | 1991ء |
| (4) | خواب باقی ہیں | IV | 1901ء |

(A) II (1)، IV (2)، I (3)، III (4)

(B) I (1)، III (2)، IV (3)، II (4)

(C) IV (1)، I (2)، II (3)، III (4)

(D) II (1)، III (2)، I (3)، IV (4)

**79.** ''متعدد ناکام حملوں کے بعد ایک روز جون کے مہینے میں معلوم ہوا کہ ہمارا ہیرو یونیورسٹی سے ''حق بخشوانے'' میں کامیاب ہوا اور ایک نیا سوٹ، پرانی ٹائی اور اس سے بھی پرانی ٹوپی جو ایام دماغ سوزی کی ''تفسیر روغنی'' ہوکر رہ گئی تھی زیب سر کرکے کلکٹر صاحب کے بنگلے سے لے کر نینی تال کی بلندیوں تک ڈپٹی کلکٹر کا گز بن گیا تھا''

یہ اقتباس کس انشائیہ سے لیا گیا ہے؟

(A) وکیل صاحب

(B) کپور کا فن

(C) چارپائی

(D) شامت اعمال

**80.** ذیل کے سفرناموں میں سے کون سا سفرنامہ ابن انشا کا نہیں ہے؟

(A) جاپان

(B) کہا جاپان کو جائیں

(C) کہا جاپان کو جاؤ

(D) جاپان چلو جاپان چلو

**81.** ذیل میں سے کون سا جوڑ صحیح نہیں ہے؟

(A) شمس الرحمٰن فاروقی — دریافت اور بازیافت

(B) محمد حسن عسکری — گر ترجمے سے فائدہ اخفائے حال ہے

(C) محمد حسن — شعر نو

(D) ظ انصاری — ترجمے کے بنیادی مسائل

**82.** کس خاکے سے متاثر ہوکر وحید الدین سلیم نے اپنے اوپر خاکہ لکھنے کی فرمائش کی تھی؟

(A) جانے والوں کی یاد

(B) نام دیو مالی

(C) کندن

(D) نذیر احمد کی کہانی کچھ میری کچھ ان کی زبانی

**83.** سرسید نے اپنے کس مضمون میں متعدد بار انگریزی کے ادیب ایڈیسن کا حوالہ دیا ہے؟

(A) بحث و تکرار

(B) خوشامد

(C) تعصب

(D) اخلاق

**84.** مرزا غالبؔ نے سب سے زیادہ خطوط کس کو لکھے؟

(A) میر مہدی مجروح

(B) منشی ہرگوپال تفتہ

(C) مرزا یوسف علی خاں

(D) حاتم علی مہر

**85.** ذیل میں دو بیانات دیے گئے ہیں۔ایک دعویٰ ہے اور ایک دلیل ہے۔دونوں بیانات کو غور سے پڑھیے اور صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔

دعویٰ: ''حیات جاوید'' سرسید کی مدلل مداحی ہے

دلیل: حالیؔ نے سرسید کے تسامحات کا بھی مدلل دفاع کیا ہے۔

(A) دعویٰ بھی غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

(B) دعویٰ صحیح ہے مگر دلیل غلط ہے

(C) دعویٰ بھی صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(D) دعویٰ غلط ہے مگر دلیل صحیح ہے

**86.** اداریہ کس قاری کو ذہن میں رکھ کر لکھا جاتا ہے؟

(A) عام قاری کو

(B) باشعور قاری کو

(C) خواتین کو

(D) نوجوانوں کو

**87.** اختر الایمان نے کس کی ایما پر اپنی خودنوشت ''اس آباد خرابے میں'' مکمل کی تھی؟

(A) سلطانہ ایمان

(B) ن م راشد

(C) شہریار

(D) محمود ایاز

**88.** ذیل میں سے کس کا تعلق ترقّی پسند ادبی تحریک سے رہا ہے؟

(A) سجّاد حیدر یلدرم

(B) جگر مُرادآبادی

(C) ڈاکٹر عبدالعلیم

(D) اختر شیرانی

**89.** جدیدیت کی فلسفیانہ بنیاد کس اصول پر قایم ہے؟

(A) اشتمالیت

(B) استعماریت

(C) وجودیت

(D) مارکسیت

**90** مابعد جدیدیت کے اہم مغربی مفکّر کی نشاندہی کیجیے۔

(A) کلینتھ بروکس

(B) میتھیو آرنلڈ

(C) سوسیر

(D) ژاں پال سارتر

**91.** اردو نثر کی آبیاری میں سرسیّد کے رفقا پر مشتمل صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

(A) حالی، شبلی، نذیر احمد، محمد حسین آزاد

(B) مولوی چراغ علی، محسن الملک، وقار الملک، مرزا رسوا

(C) رجب علی بیگ سرور، عبدالحلیم شرر، مولوی ذکاءاللہ، مولوی ضیاء الدّین

(D) مولوی ذکاءاللہ، مولانا سیّد سلیمان ندوی، امام بخش صہبائی، سیّد ناصر علی

**92.** اردو میں رومانی تحریک کا نمائندہ شاعر کون ہے؟

(A) جوش ملیح آبادی

(B) اختر شیرانی

(C) فیض احمد فیض

(D) اختر الایمان

**93.** دورِ ایہام گوئی میں کن اوصاف کو فروغ حاصل ہوا؟

(A) تخلیقیت و رومانیت

(B) صنعت گری و شُعبدہ بازی

(C) بے ساختگی و برجستگی

(D) تطہیر و تزکیۂ نفس

**94.** حالی نے مقدمۂ شعر و شاعری میں کس صنف پر سب سے زیادہ تنقید کی ہے؟

(A) قصیدہ

(B) مرثیہ

(C) غزل

(D) مثنوی

**95.** دارالترجمہ حیدرآباد سے وابستہ ماہرین کی صحیح جوڑ کی نشاندہی کیجیے۔

(A) عبدالماجد دریابادی، سیّد سلیمان ندوی، مولوی کریم الدّین، پیارے لال آشوب

(B) وحیدالدّین سلیم، نظم طباطبائی، مولوی عبدالحق، جوش ملیح آبادی

(C) میر ناصر علی دہلوی، خلیق دہلوی، سجاد حیدر یلدرم، نیاز فتحپوری

(D) سلطان حیدر جوش، ل۔ احمد، پروفیسر آرنلڈ، ڈپٹی نذیر احمد

**96.** جدیدیت سے وابستہ ادیب کی نشاندہی کیجیے۔

(A) اختر حسین رائے پوری

(B) وارث علوی

(C) محمود الظّفر

(D) خواجہ منظور حسین

**97.** اردو میں مابعد جدیدیت کے اہم ناقدین میں کس کا شمار ہوتا ہے؟

(A) کلیم الدّین احمد

(B) مجنوں گورکھپوری

(C) گوپی چند نارنگ

(D) شمیم حنفی

**98.** مصرعوں کی تعداد کے لحاظ سے مسمّط کی کُل کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟

(A) دس

(B) سات

(C) نو

(D) آٹھ

**99.** اسکرپٹ کے بارے میں کون سا بیان غلط ہے؟

(A) فلم یا سنیما کے پروگراموں کے لیے پہلے سے اسکرپٹ تیار کر لینا ضروری نہیں ہوتا۔

(B) ریسرچ کے ذریعے اسکرپٹ سے متعلق بنیادی معلومات یکجا کی جاتی ہیں۔

(C) فلم یا ٹیلی ویژن کی اسکرپٹ تیار کرنے والا کہنے پر کم توجہ دیتا ہے دکھانے پر زیادہ۔

(D) ایک اچھے اسکرپٹ نگار کے اندر مکالمہ اور بیانیہ لکھنے کی اہلیت ہونا ضروری ہے۔

**100.** مستزاد کی کُل کتنی قسمیں ہیں؟

(A) دو

(B) چھ

(C) آٹھ

(D) تین

**Space for Rough Work**

**Space for Rough Work**